Fikr-o-Nasar (Islamabad) 16:12 (1979) © rasailojaraid.com

# انڈونیشی اور ملائی زبانوں میں اسلامی ادب

ڈاکٹر عفان سلجوق

جنوب مشرقی ایشیا کی یہ دونوں توام زبانیں اسلامی ادب کے بے بہا خزینوں سے معمور ہیں۔ مسلمانوں کے ذہنی اور فکری ورثے اور اسلامی تمدن و ثقافت کا کوئی مطالعہ اس وقت تک مکمل اور جامع نہیں کہلا سکتا جب تک کہ اس ضمن میں اسلام کی انتہائی مشرقی سرحدوں یعنی انڈونیشیا اور ملائشیا میں اسلامی تہذیب و ثقافت اور یہاں کے اسلامی ادب کا احاطہ نہ کیا جائے۔ انڈونیشیا کی اس دور کی سب سے بڑی اسلامی مملکت ہونے اور مسلم قوم کی ایک بڑی تعداد کا جنوب مشرقی ایشیا میں سکونت رکھنے کی بنا پر اس خطے کی جانب توجہ دینا ضروری ہو گیا ہے۔ جسے کہ ماضی میں نظر انداز کیا جاتا رہا۔ فلپائن کے مسلم حریت پسندوں اور جنوبی تھائی لینڈ کےسر فروشان اسلام کی اپنے قومی تشخص اور کردار اور اپنے منفرد مذہبی اور سماجی نظام کے تحفظ کی خاطر جو قربانیاں دے رہے ہیں اس کے پیش نظر بھی جنوب مشرقی ایشیا میں اپنے دینی بھائیوں کے تمدن ثقافت اور تاریخ کی جانب توجہ دینا از بس ضروری ہو گیا ہے۔ پچھلے چند برسوں سے ملائشیا کی قومی جامعہ میں مجھے درس و تدریس کا موقع ملا۔ اپنے قیام کوالالمپور کے دوران انڈونیشی اور ملائی ادب کا جو مطالعہ میں نے کیا اس پر میں ان دونوں زبانوں میں اسلامی ادب سے متعلق انہیں اطلاعات اور معلومات کو ضبط تحریر میں لاتے ہوئے مجھے بے انتہا خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ امید ہے کہ قارئین کرام بھی اسے پسند فرمائیں گے۔ موضوع پر کچھ لکھنے سے قبل یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے اس بات کی صراحت کردی جائے کہ انڈونیشی اور ملائی دراصل ایک ہی زبان ہے۔ علاقائی اثرات کی بنا پر تلفظ اور املا کے بہت ہی معمولی اختلافات پائے جاتے ہیں۔ علاقے کی آزادی اور ملائیشیا اور انڈونیشیا کے معرض وجود میں آنے کی وجہ سے اصل ملائی زبان کو اس خطے میں ملائی انڈونیشی کے نام سے موسوم کیا جانے لگا۔ اپنے مطالعہ کا آغاز ہم قرآن، حدیث اور تفسیر کی کتابوں کے تذکرے سے کرتے ہیں۔

## قرآن، حدیث، تفسیر

جنوب مشرقی ایشیا میں اسلام مسلم مبلغین، صوفیاء کرام اور تاجروں کے ذریعے پھیلا۔ اسلام کی اشاعت سے متعلق ایک نظریہ یہ ہے کہ چین کی بندرگاہ زیتون ( Canton ) میں ۸۷۷ء میں بغاوت کی آگ بھڑک اٹھی اس خانہ جنگی میں کثرت سے غیر ملکی تاجر بالخصوص مسلمان ہلاک و زخمی ہوئے۔ بگڑی صورت حال کے پیش نظر مسلمان تاجروں کی ایک بڑی تعداد نے چین سے مہاجرت کی اور جزیرہ نمائے ملایا کے ساحل پر واقع بندرگاہ کلہ موجودہ ( Keddah ) میں پناہ لی۔ اس علاقے میں اسلام کی ترویج و اشاعت کے ذمہ دار یہی مہاجرین تھے جو سارے جزیرہ نما میں پھیل گئے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ اسلام ایک عرب صوفی بزرگ شیخ اسماعیل کی وساطت سے پھیلا۔ جنہوں نے کہ پاسی ( Pasi ) جو کہ جزیرہ سماٹرہ میں ایک ریاست تھی اس کے فرمانروا کو مشرف بہ اسلام کیا اور اس کا نام سلطان ملک الصالح رکھا۔ ملک صالح نے ۱۲۹۷ء میں وفات پائی۔ دونوں نظریات کے پیش نظر یہ بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ اس خطہ میں سب سے پہلے اسلام متعارف کرانے والے مشرق وسطیٰ سے تعلق رکھتے تھے جن کی مادری زبان بہ اغلب گمان عربی تھی۔ اس طرح اس خطے میں عربی زبان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی تدریس اور توسیع کا آغاز یہاں اسلام کی آمد کے ساتھ ہی شروع ہو گیا تھا۔ شاید یہی وہ وجہ تھی کہ جس کی بنا پر قرآن مجید کے ملائی زبان میں ترجمہ کی کوئی خاص ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ ملائی زبان میں اس کے ترجمے سے زیادہ صحت اور صحیح تلفظ کے ساتھ اس کی تلاوت کی جانب زیادہ توجہ دی۔ موجودہ دور میں سالانہ مقابلہ حسن قرات جو بین الاقوامی بنیاد پر کوالالمپور میں منعقد کیا جاتا ہے۔ حسن تجوید و قرأت کی اس علاقے میں اعلیٰ اقدار اور روایات کو بخوبی منعکس کرتا ہے۔ ملائشیا کے مغربی ساحل پر واقع عربی مدارس جن کے معیار کو جامع الازہر تسلیم کرتی ہے۔ قرآن شریف کی صحیح قرأت اور عربی زبان سے شغف کی واضح ترجمانی کرتے ہیں۔

(۱) قرآن شریف کا ایک ترجمہ جس کا مترجم مجہول اور مخطوطہ کی تاریخ استنساخ نا معلوم ہے کوالالمپور ملائی زبان انجمن ( Devan-Bohasdan ) کے کتب خانے میں شمارہ ۷۹ کے تحت محفوظ ہے۔

(۲) جامع کیمرج کے کتب خانے میں بھی قرآن شریف کا ایک ترجمہ مخطوطہ کی صورت میں شمارہ ۳۰۱-۶-۰۸ MSS کے تحت موجود ہے۔ یہ ترجمہ نامکمل ہے اور مترجم اور مخطوطہ کی تاریخ استنساخ دونوں مجہول ہیں۔

(۳) تحفۃ الاخوان کی تجوید القرآن

مؤلف کا نام اسماعیل ابن عبدالمطلب الاچہ ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے ماقبل مؤلف آچہ (سماٹرا) کی اسلامی ریاست سے تعلق رکھتا تھا مگر کتاب کے حوالے سے اس کا زمانہ حیات متعین نہیں کیا جاسکتا۔ تحفۃ الاخوان و اراجہاب کتب العربیہ، مصر سے ۱۳۱۱ھ میں طبع ہو چکی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۴) کتاب تجوید القرآن

مؤلف حسین ناصر محمد طیب البخاری کے حالات زندگی بھی ہماری دسترس میں نہیں ہیں۔ فوق الذکر کتاب مؤلف کی ایک اور تالیف کتاب الخیاح فی علم اصول الدین کے ساتھ منسلک مکتبہ ''دارالمعارف،، نپانگ سے شائع ہوئی ہے مگر تاریخ اشاعت درج نہیں۔

(۵) تفسیر قرآن جیلانی

مفسر کا پورا نام درج نہیں ہے۔ یہ تفسیر ۱۸۰۹ء میں جاوا کی مسلم ریاست دماک کے راجہ کے لئے لکھی گئی تھی۔ یہ کتاب مخطوطہ کی صورت میں ملائی زبان کی انجمن ( Deva-Bahasa ) کے کتاب خانہ میں شمارہ ۹۷ کے تحت محفوظ ہے۔

(۶) هلوان کے باجیکان

عربی عنوانات سے ہٹ کر جو کہ ملائی اسلامی ادب کی ایک روایت بن چکے تھے اس کتاب کا نام ٹھیٹ ملائی زبان میں رکھا گیا۔ مؤلف گمنام ہے۔ زیر نظر کتاب سلطنت ملاکا کے آخری فرمانروا سلطان محمود کے لئے ۱۵۱۱ میں لکھی گئی تھی۔ یہ کتاب شائع نہیں ہوئی ہے اور ملائی زبان کی انجمن کے کتب خانہ میں مخطوطہ کی شکل میں شمارہ ۲۷ کے تحت موجود ہے۔ کتاب کا موضوع تفسیر اور حدیث ہے۔

## (۷) دعا وان جمبل

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہوتا ہے یہ کتاب دعاؤں اور مناجات پر مشتمل ہے جو قرآن شریف میں درج ہیں۔ مخطوطہ میں اصل عربی اور ملائی دونوں متون شامل ہیں۔ مؤلف اور تاریخ استنساخ سے متعلق کوئی اطلاع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہماری دسترس میں نہیں۔ زیر نظر مخطوطہ ملائی زبان انجمن کے کتب خانہ میں شمارہ ۱۳ کے تحت محفوظ ہے۔

## (۸) تنبیہہ الغافلین

مؤلف کا نام عبداللہ ابن عبدالمبین ہے جو اٹھارویں صدی میں بقید حیات تھا۔ کتاب کا موضوع حدیث ہے مذکورہ کتاب سنگاپور سے ۱۷۲۰ء میں شائع ہو چکی ہے۔ مزید اشاعتوں کا پتہ نہیں چلتا۔

مذکورہ بالا آثار کے ذکر سے یہ غلط تأثر لینا کہ ملائی کلاسیکی ادب میں اسلامی موضوعات پر یہی سرمایہ اس کی کل کائنات ہے یقینی طور پر اس کے حق میں نا انصافی ہوگی۔ قرآن حدیث اور تفسیر جیسے اہم موضوعات پر ملائی زبان میں یقینی طور پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہوں گی مگر علم و دانش کے یہ بیش بہا موتی زمانہ کی دستبرد سے محفوظ نہ رہ سکے۔ نو آبادیاتی تسلط خانہ جنگیوں اور سب سے بڑھ کر خطہ استواء کی مرطوب گرم آب و ہوا نے مخطوطات کو تباہ کرنے میں اہم کردار انجام دیا۔ پرتگالیوں، ولندیزیوں اور انگریزوں کی اس علاقے میں حریفانہ سیاسی آویزش اور اثر و نفوذ نے مسلمانوں کے علمی، تمدنی اور ثقافتی ورثے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ ان وجوہات کی بنا پر ان موضوعات پر وافر مواد نہیں ملتا۔ جامعہ لائیڈن، جامعہ کیمرج۔ ملائی زبان کی انجمن۔ جامعہ ملایا اور ملائشیا کی قومی جامع کے کتب خانوں میں جن مخطوطات کی نشاندھی ہو چکی ہے اور وہ شخصاً منضبط ہو چکے ہیں ان پر ان اوراق میں تبصرہ کیا گیا ہے۔

اسلامی ادب کے ضمن میں ان بنیادی موضوعات پر ملائی زبان میں مواد کی کمیابی کی توضیح اس حقیقت سے بھی کی جا سکتی ہے کہ مفسرین اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محدثین عربی اور فارسی زبانوں میں ان علوم کے تقریبا تمام زاویوں اور گوشوں پر اس قدر جامع اور سیر حاصل کام کر چکے تھے کہ ان پر مزید کچھ روشنی ڈالنے کی کوئی خاص گنجائش ہی باقی نہیں رہی تھی۔ عربی کے متداول اور علمی زبان ہونے کی بنا پر شافعی علماء کو مشرق وسطیٰ کے علمی مراکز میں پایہ تکمیل تک پہنچنے والی کتابوں تک بہ آسانی رسائی حاصل تھی۔ اس خطے میں فارسی علماء کی موجودگی بھی تاریخی طور پر مسلم الثبوت ہے جیسے کہ مشہور سیاح ابن بطوطہ نے ۴۶-۱۳۴۵ء میں آچہ کے شاہی دربار میں دو ممتاز ایرانی علماء قاضی ابو سعید شیرازی اور تاج الدین اصفہانی سے ملاقات کر چکا تھا۔ اس طرح قرآن اور حدیث کی طرف ملائی علماء نے زیادہ توجہ نہ دی بلکہ انھوں نے فقہ اصول الدین تصوف اور کلام کو اپنی فکری استعداد کی جولانگاہ بنایا اور اس موضوع پر اپنی تالیفات اور تصنیفات کی ایک طویل فہرست ہمارے ورثے میں چھوڑی جو ہمارے لئے باعث فخر و امتیاز ہے۔ جن موضوعات پر ان علماء نے خصوصی توجہ دی ان میں ایک اہم موضوع کتب سیر و مغازی،، ہے۔ بے جا نہ ہوگا اگر اس بات کا یہاں ذکر کر دیا جائے کہ غزوات اور معجزات سے متعلق جو آثار ہم تک پہنچے ہیں ان کی نوعیت داستانی اور افسانوی ہے جسے حقیقت سے کوئی موافقت نہیں اس ضمن میں غزوات نبوی سے متعلق جو کتابیں لکھی گئیں ہیں وہ تمام کی تمام افسانوی ادب کا حصہ قرار پائی ہیں۔ ملائی علماء کی اس فکری روش کا آئندہ صفحات میں تجزیہ کیا جائے گا۔

## (۹) بدر التمام فی نجوم الثواقب

مؤلف ابن محمد زین الپٹانی کا تعلق ۱۹ صدی عیسوی سے ہے۔ پٹانی (Patani) کا باشندہ ہے۔ جو کہ ملائشیا اور تھائی لینڈ کے مابین ایک آزاد مسلم ریاست تھی۔ بیسویں صدی کی ابتدا میں ایک نو آبادیاتی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سازش کے ذریعہ اس کا قلع قمع کر دیا گیا۔ ملائیشیا کی قومی جامعہ سے جو ملائی کلاسیکی ادب کی فہرست شائع ہوئی ہے اس میں پٹانی کو قطانی لکھا گیا ہے جو غلط ہے۔ یہ تسامح اصل ملائی لفظ کے عربی میں فتانی لکھے جانے اور اس کے بعد پھر رومی رسم الخط میں اس کی منقول کی بنا پر واقع ہوا ہے۔ کتاب چھپی ہوئی ہے مگر مقام و تاریخ اشاعت کا پتہ نہیں چلتا۔ کتب سیر کے سلسلے میں ایک اہم تصنیف شمار ہوتی ہے۔

### (۱۰) التحفۃ المرسلہ الیٰ روح النبی

فضل اللہ برہانپوری کی تالیف ہے۔ جامع لائیدن کے کتب خانہ میں شمارہ ۱۹۵۷ Mss Cid. Or 1957 کے تحت اس کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔ مزید قلمی نسخوں کا پتہ نہیں چلتا۔

### (۱۱) ضوء المعراج

مؤلف احمد خطیب ابن عبدالطیف المنکباوی کے حالات زندگی بھی پردہ خفا میں ہیں۔ زیر نظر کتاب کا اصل موضوع معراج ہے۔ ضوء المعراج مکتبہ مطبوعات المیدیہ سے ۱۹۰۲ میں شائع ہو چکی ہے۔ یہ امر واضح نہیں ہے کہ یہ مکتبہ کہاں واقع ہے۔

### (۱۲) کفایت المحتاج

مؤلف مسعود ابن عبداللہ الپٹانی انیسویں صدی عیسوی کے ایک عالم تھے جن کا تعلق پٹانی ( Patani ) سے تھا۔ فوق الذکر کتاب سنگاپور سے ۱۸۰۰ء میں شائع ہو چکی ہے۔

### (۱۳) حکایت بلام بیلادوا یا حکایت معجزات نبی

کتاب کا مؤلف گمنام ہے۔ یہ دو مختلف عنوانوں سے موسوم ہے اور اس کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دو قلمی نسخے موجود ھیں جن کی نشاندھی ھو چکی ھے ۔ ان قلمی نسخوں میں سے ایک جامعہ لائیڈن کے کتب خانہ میں ھے جس کا شمارہ Mss. Cod. or 7324 ھے دوسرا قلمی نسخہ برلن۔ جرمنی کے Poeusstische Staatsbibliothe میں موجود ھے جس کا شمارہ (Mss. Schode Mann V. 44) ھے ۔

## (۱۴) چریترہ نبی لاھر

گمنام مؤلف کی تالیف ھے ۔ روائیتی انداز سے ھٹ کر اس کا بھی عنوان ٹھیٹ سلائی ھے قلمی نسخہ جامع لائیڈن میں شمارہ (Mss. Oph-59) کے تحت محفوظ ھے ۔

## (۱۵) حکایت برنگ بارو بارو

مؤلف اور تاریخ استنساخ دونوں کا پتہ نہیں چلتا اس کا ایک مخطوطہ موجود ھے جو جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ (Mss. Oph) کے تحت محفوظ ھے ۔

## (۱۶) حکایت نبی

مؤلف اور تاریخ استنساخ دونوں مجہول ھیں ۔ یہ عنوان معمولی فرق اور افسانوں کے ساتھ کافی مروج اور مداول رہا ھے اور کئی کتابیں اس نام سے موسوم ھیں ۔ حکایت کا موضوع رسول پاک کی حیات طیبہ کے عام حالات سے متعلق ھے ۔ اس کتاب کے دو قلمی نسخے موجود ھیں ۔ جن میں سے پہلا Poeussiche - Stats Bibliothok برلن میں شمارہ Mss. Schoemann- v. 47 کے تحت اور دوسرا نسخہ جامعہ لائیڈن کے کتب خانہ میں ( Mss. Cod Or. 3288, کے تحت محفوظ ھے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## (۱۷) حکایت نبی بر شکر

اس حکایت کے بھی دو قلمی نسخے موجود ھیں۔ پہلا نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں محفوظ ہے (Mss. Cod. Or 3345) دوسرا نسخہ بھی ھیگ کے Konin Klijk Institute Voor Toal land en vol Kunde van Neder landsche-Indie Mss H.S. 369. میں موجود ہے۔

## (۱۸) حکایت نبی معراج

معراج نبوی کے موضوع پر ایک مستقل تصنیف ہے۔ ملائی ادبی روایت کے مطابق اس کتاب کے مؤلف اور مخطوطہ کے تاریخ استنساخ کا پتہ نہیں چلتا۔ اس حکایت کے تین نسخے جامع لائیڈن، انڈیا آفس لائبریری اور نیدر لینڈ، ایڈیز کے انسٹیٹیوٹ کی مخطوطات کی فہرستوں میں درج ھیں۔ جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں Mss. Cod or 1713

انڈیا آفس کے کتب خانہ میں Mss-Malay B 3/4 Liedon 69-100.2609

اور نیدر لینڈ۔ انڈیز انسٹیٹیوٹ میں Mss. H.S.605

کے تحت درج ھیں۔ ان مخطوطات کے علاوہ زیر تبصرہ حکایت Journal of the Malayasian Branch of the Royal Asiatic Society, No. 82 Sept 1920 (JMBRAS) میں شائع ہو چکی ہے۔

## (۱۹) حکایت نبی محمدؐ

اس نام کی دو حکایتیں موجود ھیں جن میں سے پہلی حکایت کے ساتھ حکایت راجہ خیبر کا اضافی عنوان بھی ملتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ اس مخطوطے میں یہ دوسری حکایت بھی شامل ہو جو بحیثیت ایک علیحدہ حکایت کے جامع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لائیڈن کے کتب خانہ میں موجود ہے جس کا آئندہ صفحات میں ذکر آئے گا۔
اس حکایت کا ایک قلمی نسخہ انڈیا آفس لائبریری میں : Mss. Malay D 5/4, Liedon 373.102673 کے تحت محفوظ ہے۔

زیر نظر حکایت

Journal of the Malaysian Branch of the Royal Asiatic Society No. 82-Sept 1920 JMBRAS

میں شائع ہو چکی ہے۔

اس نام سے موسوم دوسری دوسری حکایت جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ Mss. Cod. or 1744 کے تحت موجود ہے۔

## (۲۰) حکایت نبی وفات

جیسا کہ کتاب کے عنوان سے ظاہر ہے رسول پاک کے سانحہ ارتحال کے واقعات اس میں درج ہیں۔ کتاب کا انداز اردو اور فارسی زبانوں میں وفات ناموں سے ملتا جلتا ہے۔ اس موضوع پر آئندہ صفحات میں روشنی ڈالی جائے گی۔
اس حکایت کے تین قلمی نسخوں کی نشاندھی ہو چکی ہے جو سب کے سب نیدر لینڈ میں موجود ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا قلمی نسخہ Konin Klik Instituut شمارہ H.S. 569 کے تحت
دوسرا نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ Mss. cod or 1767 کے تحت اور تیسرا اسی کتب خانہ میں Mss. cod. 7324 کے تحت محفوظ ہیں۔

## (۲۱) حکایت نور محمد

اس عنوان سے دو مختلف حکایتیں موسوم ہیں جن میں سے پہلی شائع ہوچکی ہے جب کہ دوسری مخطوطہ کی صورت میں محفوظ ہے۔ حکایت نور محمد دوسری دو حکائیتوں حکایت نبی بر شکر اور حکایت نبی وفات کے ساتھ دارالمعارف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پنانگ سے چھپ چکی ہے مگر تاریخ اشاعت واضح نہیں ہے اس نام کی دوسری کتاب قلمی نسخے کی صورت میں موجود ہے ۔ اس کا ایک نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ ( Mss cod or 1758 ) کے تحت اور دوسرا برلن کے ( Preacissche Stastsbideliothek ) میں (Mss. Scheomann, V 47) کے تحت محفوظ ہے ۔

## (۲۲) حکایت رسول اللہ

اس حکایت کے دو نسخے برلن کے (Preasissche Statsbibliothek) میں شمارہ (Mss. Scheomann V. 30-32 کے تحت موجود ہیں ۔
اس کے علاوہ زیر نظر کتاب ( JMBRAS ) میں (J. 4. 1926)کی اشاعت میں شائع ہو چکی ہے ۔

## (۲۳) حکایت راجہ خندق

رسول مقبول کی حیات طیبہ سے متعلق ملائی ادب کے اس جائزے کی ابتدا سے قبل یہ بات واضح کردی گئی تھی کہ جو کتابیں ہماری دسترس میں ہیں ان میں سے بیشتر افسانوی حیثیت کی حامل ہیں بالخصوص غزوات نبوی سے متعلق جو کتابیں لکھی گئیں وہ ساری کی ساری افسانوی ادب کا حصہ قرار پائی ہیں ۔ جنہیں کہ حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ۔ اس ضمن میں ایک عجیب بات یہ ہے کہ ملائی علماء نے ان مقامات کو جہاں کہ یہ غزوات وقوع پذیر ہوئے شہزادوں کے روپ میں پیش کیا جو کفر و ظلمت کے الدھیروں میں گم رہتے ہیں مگر بعد میں رسول اللہ کے ہاتھوں مشرف بہ اسلام ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے ان غزوات کے ناموں سے قبل لفظ راجہ استعمال کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں تمام اہم غزوات پر علیحدہ علیحدہ کتابیں لکھی گئیں جن کا ذکر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آئندہ صفحات میں آئے گا۔ ملائی مؤلفین کی اس ادبی روش اور رجحان پر ہم بعد میں بحث کریں گے۔

حکایت راجہ خندق کتب مغازی کے اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس کے مؤلف یا مخطوطہ کی تاریخ استنساخ کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ اس کتاب کے تین قلمی نسخوں کی نشاندھی ہو چکی ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں اس کے دو نسخے موجود ہیں جن کے شمارے ( Mss. Cod. or 3307, Mss. Cod 7324 ) میں تیسرا نسخہ Kenin Klijk Institute شمارہ H.H. 177 کے تحت موجود ہے۔

**(۲۴) حکایت راجہ خیبر**

جیسا کہ عنوان سے واضح ہوتا ہے کہ کتاب کا موضوع غزوہ خیبر ہے اس کا ایک قلمی نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ Mss. Klin Keot کے تحت محفوظ ہے۔

(۲۵) حکایت راجہ بدر

جنگ بدر سے متعلق اس حکایت کے کسی قلمی نسخہ کی نشاندھی نہیں ہو سکی البتہ مشہور ڈچ عالم Hargvonje نے اپنی تصنیف The Achenese (Vol II) میں اس کا ذکر کیا ہے۔ یہ عین ممکن ہے کہ انیسویں صدی میں مورد نظر کتاب موجود رہی ہوگی مگر جو فہرستیں میری دسترس میں ہیں کم از کم ان میں اس داستان کا کوئی ذکر نہیں۔ یہ بات قرین قیاس ہے کہ جب کہ اور غزوات کی جانب ملائی مؤلفین نے توجہ دی تو اس مشہور اور سب سے پہلی کفر و سلام کی جنگ کی جانب بھی ضرور توجہ دی ہوگی۔

کفایت المحتاج، کے بعد جتنی کتابیں بھی ہماری زیر بحث آئیں ان میں [illegible] مشترک ہے کہ ان کے مؤلف گمنام ہیں اور ان کی تاریخ استنساخ کا



کا مقابلہ کرنے کے لئے اسلامی ذریعہ ادب اور حماسہ سرائی کی مسلمانی روایات کا سہارا لینا پڑا۔ چنانچہ امیر حمزہ اسکندر محمد ابن حنیفہ اور سب سے بڑھ کر شیر خدا حضرت علی کے بہادری اور شجاعت کے کارناموں کو یہاں متعارف کرایا گیا۔ مبلغین کی ایک بڑی تعداد ہندوستان سے آئی تھی جہاں پر اس قسم کا ادب پہلے ہی سے مروج اور متداول تھا اس طرح یہ داستانیں زبان زد خاص و عام ہوئیں اور کوئی شخص تنہا ان کے ترجموں یا تألیف کا دعویدار نہ بن سکا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کتابوں کے مؤلفین نے گمنامی اختیار کی۔ رسول اکرمؐ کی حیات طیبہ سے متعلق جن کتابوں کا بیان ذکر کیا گیا وہ بھی اس پس منظر میں ضبط تحریر میں لائی گئیں جو تألیفات کہ سنجیدہ اور معیاری تھیں اور کسی اہل دانش کے ذہنی ترشح کی آئینہ دار تھیں ان کے مؤلفین گمنام رہے کہ اس انداز کو قبول نہ کیا اور اپنا نام بطور یاد گار چھوڑ گئے۔

رسول اکرمؐ کے معجزات اور آپ کے اس دنیا سے پردہ کرنے کے واقعات سے متعلق جو ادب ملائی زبان میں ملتا ہے وہ ہندوستان سے مستعار لیا گیا ہے بہت سی کتابوں کے عنوانات ایسے ہیں کہ جس کے تحت فارسی اور اردو زبانوں میں پہلے ہی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ ڈچ عالم ہریقونیہ The kchenesei Hargvonje نے ایسی کئی کتابوں کی نشاندھی کی ہے بقول اس کے اس سلسلے کی کئی رزمیہ داستانوں کے فارسی اور اردو متنوں بمبئی کے فتح الکریم پریس سے شائع ہو چکے ہیں۔ ملائی داستانی ادب کے منابع اور اس مسئلہ پر کہ یہ کن زبانوں سے ماخوذ ہیں یہاں بحث کرنا ہمارا موضوع نہیں ہے اسلامی ادب کے رومانی اور حکائیتی پہلو پر جب گفتگو کی جائیگی تب یہ موضوع زیر بحث آئے گا۔ یہاں ان تصریحات اور ملاحظات کی ضرورت یوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ گمنام رہنے کی خواہش کو ملائی اہل دانش کے عجز و انکسار پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ ہم عصر ملائی علماء کی مسکین مزاجی اور عزلت گزینی کے رحجانات کو دیکھ کر یہ بات قرین قیاس معلوم ہوتی ہے نہ صرف اسلامی ادب بلکہ روحانی اور داستانی ادب بھی جو کلاسیکی دور سے متعلق ہے اسی روش کا شکار نظر آتا ہے۔ ملائی تاریخ کی مستند ترین کتاب شجرہ الملایو جو کثرت استعمال اور مقامی املا اور تلفظ کے زیر زبر بگڑ کر سجارہ ملایوں ہوگئی ہے خود اس کا مؤلف گمنام ہے اور تاریخ تصنیف بھی کتاب کے مواد کے پیش نظر متعین کی جاتی ہے۔ اس طرح داستانوں اور حکائیتوں کی ایک طویل فہرست ہماری دسترس میں ہے جن کے نہ تو مؤلفین کا ہمیں علم ہے اور نہ ہی یہ معلوم ہے کہ یہ کتابیں کب اور کہاں سلک تحریر میں پروں گئیں۔

ملائی ادب کی اس خصوصیت کی توجیہہ ایک اور زاویہ نظر سے بھی کی جا سکتی ہے جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ صوفیائے کرام اور مبلغین نے اسلام کی شمع کو اس خطے میں فروزاں کیا۔ اسلام کی آمد سے قبل یہاں پر برھمنوں کی ایک مضبوط اور مستحکم ریاست جو ماجا پہت Mafapahit کے نام سے موسوم ہے جاوا میں قائم تھی۔ ہندو اثرات اتنے گہرے اور وسیع تھے کہ مقامی ادب بھی ان کی دستبردار اور اثر پذیری سے نہ بچ سکا تھا۔ اور اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو کلاسیکی ملائی ادب اسلام کی آمد سے قبل ہندو دیو مالا اور داستانوں پر مشتمل تھا۔ مقامی باشندے ذہنی طور پر اور جن کی بہادری اور شجاعت کے کارناموں سے متأثر تھے اور کوروں پانڈوں کی جنگ ان کے نزدیک شہادت اور مردانگی کی اعلیٰ روایات کی معیار تھی۔ جب مسلمان مبلغین نے یہاں اپنی تبلیغی سرگرمیاں شروع کیں تو انہیں اس صورت حال

/

محسوس کی گئی کہ ملائی کتب سیرو مغازی کی غرض و غایت اور ان کے تاریخی اور ادبی مقام کو ان کی روشنی میں سمجھنے میں مدد مل سکے۔

مندرجہ بالا حکایات کے علاوہ کئی کتابیں رسول مقبول کی ازواج مطہرات اور اہل بیت سے متعلق بھی ملتی ہیں۔ بے جا نہ ہوگا اگر یہاں ان کا ذکر بھی کر دیا جائے۔

(۲۶) حکایت خدیجہ خاوند

اس حکایت کا صرف ایک قلمی نسخہ جامع ملایا کے کتب خالہ میں موجود ہے جس کا شمارہ Mss. 26 ہے۔

(۲۷) حکایت فاطمہ

اس حکایت کا بھی صرف ایک قلمی نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں شمارہ Mss SH 97k کے تحت محفوظ ہے۔

(۲۸) حکایت فاطمہ بر سوامی

حضرت بی بی فاطمہ اور حضرت علی کی شادی سے متعلق اس حکایت کا بھی ایک ہی قلمی نسخہ جامع لائیڈن کے کتب خانہ میں زیر شمارہ Mss SH 97k موجود ہے۔

ملائی زبان میں اس قسم کی داستانوں کے مروج ہونے کی ایک اہم وجہ عثمانی خلیفہ سلیم کی اس ہدایت اور تاکید کو قرار دیا جا سکتا ہے جو اس نے دوری مسافت اور سفر کی صعوبتوں کے پیش نظر سلطنت آچہ کی سفارش کو سالانہ خراج کی رقم استنبول بھیجنے کے بجائے اسے میلاد کی محفلوں پر خرچ کرنے کے سلسلے میں ۱۵۶۷ میں کی تھی۔ یہ بات خالی از دلچسپی نہ ہوگی کہ اس سال سماٹرا کی مسلم ریاست آچہ کو رسمی طور پر عثمانی ممالک محروسہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا مقابلہ کرنے کے لئے اسلامی ذریعہ ادب اور حماسہ سرائی کی مسلمانی روایات کا سہارا لینا پڑا۔ چنانچہ امیر حمزہ اسکندر محمد ابن حنیفہ اور سب سے بڑھ کر شیر خدا حضرت علی کے بہادری اور شجاعت کے کارناموں کو یہاں متعارف کرایا گیا۔ مبلغین کی ایک بڑی تعداد ہندوستان سے آئی تھی جہاں پر اس قسم کا ادب پہلے ہی سے مروج اور متداول تھا اس طرح یہ داستانیں زبان زد خاص و عام ہوئیں اور کوئی شخص تنہا ان کے ترجموں یا تألیف کا دعویدار نہ بن سکا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان کتابوں کے مؤلفین نے گمنامی اختیار کی۔ رسول اکرمؐ کی حیات طیبہ سے متعلق جن کتابوں کا بیان ذکر کیا گیا وہ بھی اس پس منظر میں ضبط تحریر میں لائی گئیں جو تألیفات کہ سنجیدہ اور معیاری تھیں اور کسی اہل دانش کے ذہنی ترشح کی ائینہ دار تھیں ان کے مؤلفین گمنام رہے کہ اس انداز کو قبول نہ کیا اور اپنا نام بطور یاد گار چھوڑ گئے۔

رسول اکرمؐ کے معجزات اور آپ کے اس دنیا سے پردہ کرنے کے واقعات سے متعلق جو ادب ملائی زبان میں ملتا ہے وہ ہندوستان سے مستعار لیا گیا ہے بہت سی کتابوں کے عنوانات ایسے ہیں کہ جس کے تحت فارسی اور اردو زبانوں میں پہلے ہی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ ڈچ عالم ہریقونیہ The kchenesei Hargvonje نے ایسی کئی کتابوں کی نشاندھی کی ہے بقول اس کے اس سلسلے کی کئی رزمیہ داستانوں کے فارسی اور اردو متنوں بمبئی کے فتح الکریم پریس سے شائع ہو چکے ہیں۔ ملائی داستانی ادب کے منابع اور اس مسئلہ پر کہ یہ کن زبانوں سے ماخوذ ہیں یہاں بحث کرنا ہمارا موضوع نہیں ہے اسلامی ادب کے رومانی اور حکائیتی پہلو پر جب گفتگو کی جائیگی تب یہ موضوع زیر بحث آئے گا۔ یہاں ان تصریحات اور ملاحظات کی ضرورت یوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ گمنام رہنے کی خواہش کو ملائی اہل دانش کے عجز و انکسار پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ ہم عصر ملائی علماء کی مسکین مزاجی اور عزلت گزینی کے رحجانات کو دیکھ کر یہ بات قرین قیاس معلوم ہوتی ہے نہ صرف اسلامی ادب بلکہ روحانی اور داستانی ادب بھی جو کلاسیکی دور سے متعلق ہے اسی روش کا شکار نظر آتا ہے۔ ملائی تاریخ کی مستند ترین کتاب شجرہ الملایو جو کثرت استعمال اور مقامی املا اور تلفظ کے زیر زبر بگڑ کر سجارہ ملایوں ہوگئی ہے خود اس کا مؤلف گمنام ہے اور تاریخ تصنیف بھی کتاب کے مواد کے پیش نظر متعین کی جاتی ہے۔ اس طرح داستانوں اور حکائیتوں کی ایک طویل فہرست ہماری دسترس میں ہے جن کے نہ تو مؤلفین کا ہمیں علم ہے اور نہ ھی یہ معلوم ہے کہ یہ کتابیں کب اور کہاں سلک تحریر میں پروی گئیں۔

ملائی ادب کی اس خصوصیت کی توجیہہ ایک اور زاویہ نظر سے بھی کی جا سکتی ہے جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ صوفیائے کرام اور مبلغین نے اسلام کی شمع کو اس خطے میں فروزاں کیا۔ اسلام کی آمد سے قبل یہاں پر برھمنوں کی ایک مضبوط اور مستحکم ریاست جو ماجا پہیت Mafapahit کے نام سے موسوم ہے جاوا میں قائم تھی۔ ھندو اثرات اتنے گہرے اور وسیع تھے کہ مقامی ادب بھی ان کی دستبردار اور اثر پذیری سے نہ بچ سکا تھا۔ اور اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو کلاسیکی ملائی ادب اسلام کی آمد سے قبل ھندو دیو مالا اور داستانوں پر مشتمل تھا۔ مقامی باشندے ذھنی طور پر اور جن کی بہادری اور شجاعت کے کارناموں سے متأثر تھے اور کوروں پانڈوں کی جنگ ان کے نزدیک شہادت اور مردانگی کی اعلیٰ روایات کی معیار تھی۔ جب مسلمان مبلغین نے یہاں اپنی تبلیغی سرگرمیاں شروع کیں تو انہیں اس صورت حال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں شامل کیا گیا تھا اور یہاں آل عثمان کے نام کا خطبہ پڑھا جانے لگا تھا۔

جیسا کہ ملائی اسلامی ادب کے اس جائزے کی ابتداء میں اس بات کی تصریح کری گئی تھی کہ ملائی علماء اور اہل دانش نے تصوف اور فقہ کے شعبوں میں زیادہ دلچسپی اور سرگرمی کا اظہار کیا ہے اور ان موضوعات پر ملائی ادب کا دامن پر نظر آتا ہے۔ تفسیر، حدیث، سیر و مغازی سے متعلق ملائی زبان میں جو کتابیں ہم تک پہنچی ہیں ان کی تشریح کے بعد اب آئیندہ اور تصنیفات کا جائزہ لیں گے مگر اس سے قبل یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے اس خطہ کی علمی فضاء اور تعلیمی ماحول پر ایک غائرانہ نظر ڈالی جائے تاکہ اس مشاہدے کی روشنی میں مندرجہ بالا موضوعات سے متعلق جواہر پاروں کے اس عظیم خزینے کا مطالع کیا جائے جو سارے مسلمانان عالم کا مشترکہ تہذیبی اور فکری ورثہ قرار پاتا ہے۔

نوٹ: اس مضمون میں بعض اسماء انڈونیشی اور ملائی زبانوں کے ہیں جن کو اپنی اصلی حالت پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ گر قارئین ان کو پڑھنے میں دشواری محسوس کریں تو اس کی ذمہ داری ادارہ پر نہیں ہوگی۔

مدیر فکرونظر

© rasailojaraid.com